
MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# تربیت برائے حجاج کرام

## برائے سال (۱۴۴۶ھ) 2025ء












MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پریزنٹیشن کی ترتیب

- حج (۱۴۴۶ء) 2025 کے منفرد اقدام
- عمومی معلومات
- سفرِ حج کی تیاری و روانگی
- مکہ مکرمہ میں رہائش
- مدینہ منورہ میں رہائش
- مناسک و عبادات
- اختتامیہ
- سوال و جواب

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج (۱۴۴۶ھ) 2025ء کے منفرد اقدام



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج (۱۴۴۶ھ) 2025ء کے منفرد اقدام

- عازمین حج کو ٹرالی بیگ (25 کلو)، دستی بیگ (7 کلو) اور منیٰ بیگ کی فراہمی
- خواتین کیلئے سکارف کی فراہمی
- حجاج کرام کی راہنمائی کے لئے ناظم حج اسکیم کے تحت ہر 150 حجاج کے ساتھ وزارت کے ایک نمائندہ کی تقرری









MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج (۱۴۴۶ھ) 2025ء کے منفرد اقدام



- انشاء اللہ ہمارے تمام حجاج کرام کو مدینہ منورہ میں مرکزیہ میں رہائش فراہم کی جائیگی جس کا فاصلہ مسجد نبوی سے 100 تا 500 میٹرز کے دائرے کے اندر ہو گا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج (۱۴۴۶ھ) 2025ء کے منفرد اقدام





- انشاء اللہ منیٰ میں تمام حجاج کرام کو انکے خیموں میں **فولڈنگ میٹرس** مہیا کیے جائینگے جن کو بوقت ضرورت بیٹھنے کیلئے فولڈ کیا جاسکتا ہے
- سعودی عرب میں استعمال کے لئے بلا معاوضہ سم مہیا کی جائے گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# پاک حج ایپ 2025











# پاک حج موبائل ایپ کے مقاصد

- حجاج کی ذاتی و گروپ کی معلومات
- حج تربیت، ویکسی نیشن، روانگی و آمد کی فلائٹ اور مکتب کی معلومات
- مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش
- گمشدگی کی صورت میں رہنمائی
- شکایات کا اندراج وازالہ کی رہنمائی
- حج کتابچہ (رہنمائے حج) ،تربیتی پریزینٹیشن اور ویڈیوز کی دستیابی




# ایپ کی انسٹالیشن

انسٹال کا بٹن دبائیں اور اوپن کریں

(ایپ انسٹال کرنے کا لنک)


For Android:

https://play.google.com/store/apps/details?id=pk.pitb.gov.pakhajj2025&hl=en

For IOS

https://apps.apple.com/us/app/pak-hajj-2025/id6738683219

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN




# ایپ لاگ ان سکرین

- شناختی کارڈ نمبر
- حج درخواست نمبر درج کریں
- لاگ ان کا بٹن دبائیں
- پرائیویٹ حجاج

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ایپ کی مرکزی اسکرین

حاجی کا نام


شیڈول

کیو آر کوڈ

حاجی کی معلومات

تجاویز

تربیتی مواد اور شیڈول




ایپ سے باہر نکلنے کا بٹن

زبان کا انتخاب کریں


ہیلپ لائن

عمومی سوالات

شکایات و معلومات

حاجی کیمپ کی تفصیلات

# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات




◄ ذاتی معلومات

◄ بینک کی معلومات


◄ گروپ کی معلومات

◄ محرم کی معلومات

◄ نامزد کی معلومات

◄ مددگار کی معلومات

◄ حج پیکیج کی معلومات





◄ حاضری وغیرہ

کے لیے کیو آر


QR کوڈ


# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔ (جاری)

بینک کی معلومات ◄




ذاتی معلومات ◄







# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔ (جاری)


تربیت کا شیڈول

- مکمل شیڈول
- تاریخ اور وقت
- ویکسی نیشن کی تفصیلات
- حج پرواز کا شیڈول


# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔(جاری)





- گروپ کی معلومات
- محرم کی معلومات
- نامزد فرد کی معلومات




# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔ (جاری)




انکوائری (کسی معلومات کے لئے)




# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔ (جاری)




◄ شکایت درج کروانے کا طریقہ



# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔ (جاری)




◄ تجویز درج کروانے کی معلومات

اطلاعات ►

(Notifications)



# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔(جاری)




- خبریں(News)
- میسیج(Message)




# مختلف آئیکون (بٹن) کی معلومات ۔۔(جاری)




◄ حج ہیلپ لائنز

عمومی سوالات ◄




سفر حج
PIA
Pakistan International

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سفر حج

- حج اسلام کا ایک بنیادی رکن ہے جو نہایت ہی باعث ثواب ہے
- ثواب کے ساتھ ساتھ یہ ایک نہایت ہی مشقت طلب اور طویل عبادت ہے
- وزارت ہذا حجاج کرام کی سہولت کے لیے ہر طرح کوشاں ہے



# سفرِ حج



- موسم کی شدت اور حجاج کی تعداد وزارت کے لیے ہمیشہ سے ایک بڑا چیلنج رہا ہے
- لہٰذا وزارت کی کوششوں کے باوجود حجاج کرام کو غیر متوقع مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے
- حج کی اہمیت اور عظمت کے پیش نظر حجاز مقدس میں قیام کے دوران حجاج کرام سے صبر و تحمل کی استدعا ہے

# سفر حج کی تیاری

- سعودی ویزا بائیو ایپ (Saudi Visa Bio) سے بائیو میٹرک کروانا

https://play.google.com/store/apps/details?id=sa.gov.mofa.saudivisabio&hl=en&gl=US

- تمام حجاج پاسپورٹ کی سکین کاپی بمعہ بائیو میٹرک رسید متعلقہ بینک برانچ میں جمع کروائیں
- پاسپورٹ کی میعاد کم از کم چھ ماہ تک (06 دسمبر 2025) ہو

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# روانگی سے قبل ضروری امور

- وزارت کی ویب سائٹ، پاک حج ایپ کا مطالعہ اور روزانہ ہلکی پھلکی ورزش (2 سے 3 کلومیٹر پیدل چلنا) کریں



# روانگی سے قبل ضروری امور

- سمارٹ فون کا استعمال اچھی طرح سیکھنا
- لفٹس، ایسکلیٹرز (متحرک سیڑھیاں) اور کموڈ کا استعمال سیکھنا






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# روانگی سے قبل ضروری امور





- گروپ کے تمام حجاج کا روانگی سے 10 دن پہلے طبی معائنہ اور حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لئے حاجی کیمپ تشریف لانا
- بین الاقوامی رومنگ سم کا حصول
- ٹرالی بیگ (25 کلو)، دستی بیگ (7 کلو)، منیٰ بیگ اور خواتین کے سکارف کی وصولی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# روانگی سے قبل ضروری امور






- ضرورت کی بنیاد پر اپنی روزمرہ استعمال کی ادویات بمعہ ڈاکٹری نسخے متعلقہ حاجی کیمپ سے پیک (Seal) کروائیں۔
- ہوائی ٹکٹ، ویزا کی کاپی اور سفری کوائف نامہ یعنی (Luggage Tag) پرواز سے پہلے حاجی کیمپ سے وصول کریں۔ گروپ کا کوئی ایک ممبر وصول کر سکتا ہے۔

# ضروری سامان برائے سفرِ حج

- روزمرہ استعمال کے کپڑے (شلوار قمیض)
- بغیر خوشبو والا صابن
- دو عدد احرام و عبایا
- پلیٹ، گلاس اور چمچ
- ہوا والا تکیہ
- پانی کی سپرے بوتل
- حج و عمرے کا جوتا
- سمارٹ فون



- سفری جائے نماز
- کم از کم 2000 سعودی ریال

# ممنوعہ سامان برائے سفر حجاز

- سعودی عرب میں ہر قسم کی منشیات یعنی چرس، افیون، ہیروئین وغیرہ لے جانے والے کو سزائے موت دی جاتی ہے۔



- عازمینِ حج احتیاط کریں کسی کا دیا ہوا پیکٹ یا سامان اپنے ساتھ ہرگز نہ لے کر جائیں۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ممنوعہ سامان برائے سفر حجاز۔(2)

- سگریٹ، بیڑی، نسوار، گٹکا، پان، خواب آور ادویات اور حکیمی ویونانی ادویات (معجون، سفوف اور پھکی وغیرہ) لے کر جانا منع ہے

- روزمرہ استعمال (بلڈ پریشر، شوگر، امراض قلب وغیرہ) کی ادویات سیل پیک کروائے بغیر نہ لے کر جائیں






# لازمی سفری دستاویزات




- اصلی پاسپورٹ
- نادرا کا جاری کردہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ
- پاسپورٹ اور ویزے کی کاپی (4عدد)
- 4عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (سفید بیک گراؤنڈ)
- ہوائی ٹکٹ بمعہ بورڈنگ کارڈ اور ویزہ
- گردن توڑ بخار، فلو اور پولیو کارڈ
- محکمانہ این او سی (اگر سرکاری ملازم ہو)
- سفری کوائف نامہ (4عدد)

# پاکستان سے روانگی






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ایئرپورٹ کے لئے ہدایات




- ہوائی ٹکٹ پر درج وقت کو اچھی طرح پڑھ لیں کیونکہ فضائی ٹکٹ میں وقت کا اندراج 24 گھنٹے فارمیٹ کے مطابق ہوتا ہے
- پرواز کی روانگی سے 4 تا 6 گھنٹے پہلے ایئرپورٹ لازمی پہنچیں
- ایئرپورٹ پہنچنے سے پہلے سامان پر سفری کوائف نامہ لازمی لگائیں
- اے۔این۔ایف سے چیکنگ کے بعد کلیئرنس کا سٹیکر لگوائیں



# سامان بکنگ / امیگریشن۔ ہدایات۔ 1

- بکنگ والے سامان / بیگ کو پلاسٹک ریپنگ کروائیں
- لائن میں لگ کر پاسپورٹ و ٹکٹ دکھا کر بورڈنگ کارڈ حاصل کریں
- اپنے پاسپورٹ پر امیگریشن کاؤنٹر سے تصویر کھنچوا کر مہر لگوائیں







MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سامان بکنگ / امیگریشن۔ ہدایات۔2






- براہ راست مدینہ جانے والے حجاج احرام نہ باندھیں البتہ جدہ جانے والے حجاج احرام ائیر پورٹ پر ہی باندھ لیں کیونکہ ان کا میقات دورانِ پرواز آئے گا

- روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج کی دونوں امیگریشن پاکستان (اسلام آباد و کراچی) میں ہی ہوں گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سامان بکنگ / امیگریشن۔ ہدایات۔3

- امیگریشن کے بعد متعلقہ گیٹ نمبر کے پاس ویٹنگ لاؤنج میں اطمینان سے انتظار کریں
- سفری کاغذات یعنی پاسپورٹ، بورڈنگ پاس، ٹکٹ، ٹیکے کا سرٹیفکیٹ سنبھال کر دستی بیگ میں رکھ لیں۔ ان میں سے کوئی بھی چیز ائیرپورٹ پر چھوڑ گئے تو سعودی ائیرپورٹ پر بہت پریشانی ہوگی






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# دورانِ پرواز کی ہدایات

- ہدایات ملنے پر جہاز میں سوار ہوں اور عملہ کے اعلانات کے مطابق عمل کریں۔
- کموڈ میں کپڑا یا پتھر نہ ڈالیں اور گندگی نہ پھیلائیں

  ورنہ آپ کا احرام یا کپڑے ناپاک ہو سکتے ہیں
- پاکستان سے جدہ / مدینہ کا سفر پانچ گھنٹے تک ہو گا
- پرواز کے دوران تلبیہ پڑھتے رہیں اور مناسکِ حج کا مطالعہ کرتے رہیں



# مدینہ ائیرپورٹ آمد



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد۔1





- مدینہ ائیرپورٹ پر جہاز سے اترنے کے بعد امیگریشن ہال میں آنا اور پولیو کے قطرے پینا
- اسکیننگ کے بعد اپنا سامان اسٹاف کے حوالے کر دیں
- معاونین متعلقہ ناظم کی سربراہی میں حجاج کو رہائش گاہ جانے کے لئے بسوں میں سوار کرائیں گے اور مکتب کے نمائندے حجاج سے پاسپورٹ لے لیں گے
- بس میں حاجی کیمپ سے ملنے والے گلے والے کارڈ کی اسکیننگ ہو گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ ائیرپورٹ آمد۔2







- ہر حاجی کا سامان اس کی اپنی رہائش گاہ پر پہنچا دیا جائے گا
- روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج امیگریشن کے مراحل سے گزرے بغیر براہ راست بسوں میں سوار ہوں گے اور سامان رہائش گاہ پر ملے گا

# مدینہ منورہ آمد

- اپنا سامان وصول کرنے کے بعد اپنے مختص کردہ کمرے میں تشریف لے جائیں
- کچھ دیر آرام کے بعد نہا دھو کر مسجد نبوی سلام کے لئے حاضری دیں
- طویل دورانیہ والے حجاج مدینہ میں آٹھ دن قیام کریں گے جبکہ مختصر دورانیہ والے تین دن قیام کریں گے
- دوران قیام ہی ہر حاجی کو نسک ایپ کے ذریعے ریاض الجنۃ میں نوافل ادا کرنے کے لئے اجازت نامہ لینا ہوگا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# نسک ایپ




- پاکستانی حاجی سعودی تصریح کے مطابق اپنی باری پر ریاض الجنۃ جائے گا۔ اس کے لئے نسک ایپ کے ذریعہ انفرادی طور پر پیشگی اجازت لینی ہو گی۔ نسک ایپ کے استعمال میں متعلقہ ناظم کی مدد بھی لی جا سکتی ہے۔
- براہ راست مدینہ جانے والے حجاج ویزا اور پرواز کا شیڈول ملنے پر پاکستان میں ہی نسک ایپ پر ریاض الجنۃ کی رجسٹریشن کروالیں۔

# مدینہ منورہ میں مدنظر رکھنے والے امور

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں مدنظر رکھنے والے امور۔1



- تمام تر احتیاطی تدابیر کے باوجود بعض اوقات کچھ حجاج کا سامان اپنی متعلقہ رہائش گاہ پر نہیں پہنچتا ایسی صورت میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں، اپنی شکایت کا اندراج کروائیں اور انتظار کریں۔ ہمارا متعلقہ عملہ جتنا جلدی ممکن ہو آپ کا سامان آپ تک پہنچائے گا۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ میں مد نظر رکھنے والے امور۔2

- بعض دفعہ رش کے باعث کھانے کے اوقات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایسے موقعوں پر بھی حجاج سے نظم و ضبط کا مظاہرہ کرنے کی التجا ہے






MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ روانگی





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ روانگی۔1

- مکہ روانگی شیڈول کے مطابق ہو گی جس کی لسٹ آپ کی بلڈنگ میں آویزاں کر دی جائے گی۔
- ایک جیسے بیگ ہونے کے باعث تمام حجاج سے التماس ہے کہ وہ اپنا سفری کوائف نامہ لازما اپنے بیگ کی دی ہوئی جگہ پر رکھیں۔
- حجاج کرام شیڈول سے ہٹ کر نہ سفر کریں ورنہ مشکلات ہوں گی۔
- مکہ روانگی کے وقت کچھ حجاج وقت کی پابندی کو ملحوظ نہیں رکھتے جس کی وجہ سے بسوں کی روانگی تاخیر کا شکار ہو جاتی ہے

# مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ روانگی۔2

- مکہ روانگی کے دوران مسجد ذوالحلیفہ (ابیارِ علی) میں احرام پہننے اور نیت کے لئے بس سے اترتے ہوئے بس کا نمبر اور محل وقوع ضرور نوٹ کریں اکثر حجاج وہاں گم ہو جاتے ہیں
- حرمین میں بسوں کی حد رفتار مقرر ہونے کی وجہ سے سفر کا دورانیہ 8 سے 10 گھنٹے ہوتا ہے
- سکیورٹی چیکنگ کے باعث بسوں کی نقل و حرکت میں غیر معمولی تاخیر ہوتی ہے لہٰذا صبر کا مظاہرہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ آمد



# جدہ ائیر پورٹ آمد۔1



- جدہ ائیر پورٹ پر جہاز سے اتر کر بسوں میں سوار ہونا
- جدہ ائیر پورٹ پر بسوں سے اتر کر ٹرمینل میں داخل ہوتے ہوئے پولیو کے قطرے پینا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔2








- جدہ ائیرپورٹ پر چھوٹے ہال میں انتظار کے بعد بڑے امیگریشن ہال میں جانا
- فرش پر لگی سرخ لائن کے پیچھے قطار بنانا
- باری آنے پر امیگریشن کروانا یعنی فنگر پرنٹس، تصویر اور دخول کی مہر لگوانا

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔3



- کسٹم ہال میں سے اپنے سامان کی (سفری کوائف نامہ) دیکھ کر شناخت کرنا۔
- کسٹم والے تمام سامان کو سکینر مشینوں سے گزاریں گے
- حجاز میں ممنوعہ سامان کی موجودگی میں یا شبہ ہونے کی صورت میں سامان کھولا جا سکتا ہے۔

# جدہ ائیرپورٹ آمد۔4

- جدہ ائیرپورٹ سے باہر آکر اپنا سامان پورٹرز کے حوالے کریں جو اسے ایک بڑی ٹرالی میں رکھ کر پاکستانی حجاج کی انتظار گاہ میں لے جائیں گے۔ احتیاطاً اس ٹرالی کا نمبر اپنے پاس نوٹ کریں
- روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ کے تحت سفر کرنے والے حجاج امیگریشن کے مراحل سے گزرے بغیر براہ راست بسوں میں سوار ہوں گے اور سامان رہائش گاہ پر ملے گا۔

# جدہ ائیر پورٹ آمد۔5

- ائیر پورٹ سے باہر آنے کے بعد بس میں دستی سامان اپنی نگرانی میں رکھوائیں اور باقی سامان رہائش گاہ پہنچا دیا جائے گا
- پاکستانی معاونین کی مدد اور متعلقہ ناظم کی رہنمائی سے بسوں میں بیٹھیں۔
- ائیر پورٹ سے مکتب کا نمائندہ تمام حجاج کے پاسپورٹ جمع کر کے رہائش گاہ کی طرف روانہ کر دے گا۔ پاسپورٹ پاکستان واپسی پر ائیر پورٹ پر واپس ملے گا۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جدہ ائیرپورٹ پر مدِ نظر رکھنے والے امور



# جدہ ائیرپورٹ پر مدِ نظر رکھنے والے امور۔ 1

- جدہ ائیرپورٹ پر پروازوں کی کثرت کے باعث امیگریشن میں لمبے انتظار کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے لہٰذا صبر کا مظاہرہ کریں
- جدہ ائیرپورٹ پر آپ کا سامان حج ٹرمینل کی بجائے دوسرے ٹرمینل پر جا سکتا ہے ایسی صورت میں متعلقہ ناظم یا معاونین سے رابطہ کریں
- کبھی کبھار ائیرلائن سامان پاکستان چھوڑ آتی ہے لہذا اپنے دستی سامان میں ضرورت کی چیزیں ساتھ رکھیں اور وزارت کے عملے کو متعلقہ ناظم کے ذریعے فوری مطلع کریں

# جدہ ائیرپورٹ پر مدِ نظر رکھنے والے امور۔2

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN





- ہوائی جہاز کے واپسی کا ٹکٹ، ویزے کی کاپی اور بورڈنگ کارڈ اپنے پاس محفوظ کرلیں اور پاسپورٹ کے ساتھ جمع نہ کرائیں
- تقریباً ایک گھنٹہ سفر کرنے کے بعد بس پہلی چیک پوسٹ پر رکے گی یہاں آپ کو زم زم اور کچھ کھانے کی اشیاء کا تحفہ دیا جائے گا، یہاں سے کچھ فاصلے کے بعد حرم کی حدود شروع ہو جاتی ہے۔

# مکہ معظمہ آمد



# مکہ معظمہ آمد

- بسیں آپ کو مکہ مکرمہ میں آپکی مخصوص رہائش گاہ پر لے جائیں گی
- آپ کے مکتب کا عملہ آپ کو شناختی بریسلیٹ مہیا کرے گا
- مکہ رہائش گاہ آمد پر معاونین آپکی رہنمائی کیلیئے موجود ہونگے اور آپکے حاجی کارڈ کے مطابق آپکو کمروں کے چابیاں مہیا کریں گے۔
- اس دوران تحمل کا مظاہرہ کریں اور کچھ دیر آرام کے بعد متعلقہ ناظم کی سربراہی میں گروپ کی شکل میں عمرہ کیلیئے روانہ ہوں۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں مدنظر رکھنے والے امور



# مکہ معظمہ میں مد نظر رکھنے والے امور۔ 1

- ایک بس میں زیادہ مکاتب کے لوگ ہوں تو سب کو رہائش گاہ / بلڈنگ تک پہنچانے میں وقت لگ سکتا ہے۔ اس صورت میں آپ سے تحمل کی درخواست ہے۔
- بعض اوقات آپ کا سامان کسی اور بلڈنگ میں اتر سکتا ہے لہٰذا ایسی صورت میں موقع پر موجود ہمارے عملے یا متعلقہ ناظم سے رابطہ کریں
- بعض اوقات حجاج کرام غلطی سے کسی اور حاجی کا سامان اپنے کمرے میں لے جاتے ہیں ایسی صورت میں بھی آپ متعلقہ ناظم سے رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں مدنظر رکھنے والے امور۔2

- مدینہ منورہ میں عام طور پر ہوٹلز رہائش گاہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں جبکہ مکہ معظمہ میں عمارتوں میں حجاج کی رہائش کا بندوبست ہوتا ہے جس کی وجہ سے مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ آنے والے حجاج کو رہائش کے معیار میں واضح فرق محسوس ہوتا ہے جو کہ حقیقت پر مبنی ہوتا ہے جو انتظامیہ کے دائرہ اختیار سے باہر ہے لہذا آپ سے تحمل کی استدعا ہے

# مکہ معظمہ میں مدنظر رکھنے والے امور۔3

- وزارت مذہبی امور حجاج کے لئے مکہ معظمہ میں رہائش کے لئے سعودی منظور شدہ تقریبا 250 عمارات کا انتظام کرتی ہے۔ ایسی صورت میں مختلف عمارات میں کچھ کم کچھ زیادہ معیار میں فرق ایک قدرتی عمل ہے لہذا اپنی مختص کردہ بلڈنگ میں صبر و تحمل سے قیام کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# مکہ معظمہ میں مد نظر رکھنے والے امور۔4

- مکہ معظمہ کی عمارات میں پاکستانی حجاج کو مرد اور خواتین کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ کمروں میں رہائش دی جاتی ہے تاہم امسال وزارت دستیابی کی صورت میں فیملی رومز (چار سے چھ حجاج) کی سہولت فراہم کرے گی۔لہذا اس معاملے میں انتظامیہ سے تعاون کریں۔
- مکہ معظمہ میں حجاج کی رہائشی عمارتیں سارا سال بند رہتی ہیں اس لئے شروع کے دنوں میں کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ایسی صورت میں متعلقہ ناظم کے ذریعے رہائش گاہ میں موجود عملے سے رابطہ کریں

# مکہ معظمہ میں مدنظر رکھنے والے امور۔5

- بلڈنگ میں شفٹ ہونے پر بلڈنگ کا نمبر اور محل وقوع وغیرہ نوٹ کرلیں کیونکہ عمرہ سے واپسی پر عموماً حجاج واپسی کا راستہ بھول جاتے ہیں
- رہائش گاہ میں رش کے باعث لفٹوں میں انتظار کرنا پڑ سکتا ہے لہذا نماز کے لئے وقت سے پہلے نکلیں

# مکہ معظمہ میں مد نظر رکھنے والے امور۔6

- رہائش گاہ پر کھانا ملنے کے مخصوص اوقات ہوتے ہیں لہذا کھانے کی عدم دستیابی سے بچنے کے لئے وقت کی پابندی کریں
- رہائش گاہ میں مختلف علاقوں کے حجاج کی موجودگی کے باعث ہر ایک کے ذائقے کے مطابق کھانا مہیا کرنا ممکن نہیں لہذا حجاج تعاون کریں
- حجاز مقدس میں روٹی پاکستان سے مختلف ہوتی ہے۔ ہزاروں لوگوں کے لیے کھانے کے وقت سے کئی گھنٹے قبل تیاری کی جاتی ہے۔ اس لیے بعض دفعہ گرم روٹی ملنا ممکن نہیں ہوتا۔

سعودی کیٹرنگ کمپنیوں کے کچن کے مناظر،

▶

# مکہ معظمہ میں مدنظر رکھنے والے امور۔7

- شٹل ٹرانسپورٹ میں عشاء، فجر اور جمعہ کی نمازوں کے بعد بہت رش ہوتا ہے لہذا کچھ دیر انتظار کے بعد حرم سے نکلیں۔
- راستہ بھولنے کی صورت میں متعلقہ ناظم یا پاک حج ایپ کا استعمال کریں۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ممکنہ سوالات وجوابات



# ممکنہ سوالات وجوابات۔1

- حسب ضرورت ویل چیئر کے حصول کے لئے ویل چیئر ڈیسک سے رابطہ کریں
- گمشدہ سامان کی بازیابی کے لئے "گمشدگی وبازیابی سیل" (Lost & Found Cell) میں رابطہ کریں۔
- قربانی کی معلومات کے لئے متعلقہ ناظم کے ذریعے بلڈنگ میں موجود وزارت کے عملے سے رابطے میں رہیں


MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# ممکنہ سوالات و جوابات۔2

- ایمر جنسی کی صورت میں اگر کسی حاجی کو جلد وطن واپس آنا ہو تو "مین کنٹرول آفس" سے رابطہ کریں
- طبی ایمر جنسی یا بیماری کی صورت میں پاکستان میڈیکل مشن سے رابطہ کریں
- کسی بھی شکایت کی صورت میں پاک حج ایپ، مین کنٹرول آفس یا حاجی کارڈ کے پیچھے لکھے ہوئے نمبروں پر رابطہ کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حجاز مقدس میں مدِ نظر رکھنے والے امور



# حجاز مقدس میں مدِ نظر رکھنے والے امور۔ 1

- کوشش کریں کہ اپنے گروپ کے ساتھ رہیں۔ بچھڑنے کی صورت میں پہلے سے طے کی ہوئی جگہ یا اپنی رہائش گاہ پر پہنچ جائیں۔ فون کے ذریعے گروپ اراکین سے رابطہ کریں۔
- ایامِ حج میں سعودی حکومت پڑوسی ممالک سے ڈرائیوروں کی بھرتی کرتی ہے جو کہ مکہ اور مدینہ کے راستوں سے ناواقف ہوتے ہیں لہذا راستہ بھولنے اور منزل پر تاخیر سے پہنچنے کا احتمال رہتا ہے

# حجاز مقدس میں مدِ نظر رکھنے والے امور۔2

- سعودی عرب میں ٹریفک دائیں ہاتھ چلتی ہے لہذا سڑک عبور کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں
- پاکستان کا وقت سعودی عرب سے دو گھنٹے آگے ہے
- مشاعر میں ویل چیئر کی فراہمی میں مشکل پیش آسکتی ہے لہذا ویل چیئر کا پیشگی انتظام پاکستان سے ہی کرلیں

# حجاز مقدس میں مدِ نظر رکھنے والے امور۔3

- سعودی عرب سے خریدی گئی سم سے WhatsApp پر کال نہیں ہوتی لہذا کال کے لئے Imo یا Botim کا استعمال کرنا پڑتا ہے

- وزارت کی طرف سے مہیا کردہ سم سے WhatsApp کال کی سہولت میسر ہو گی تاہم ڈیٹا کی بچت کو مد نظر رکھتے ہوئے دیگر ایپلیکیشنز صرف وائی فائی پر میسر ہوں گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام۔1

الحج
وزارت مذہبی امور

- مکہ میں حجاج کی تمام رہائشی عمارتوں کو مختلف سیکٹرز میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر سیکٹر کی بس الگ ہوتی ہے
- ہر سیکٹر میں بنائے گئے بس سٹاپ سے 24 گھنٹے حرم کیلئے بسیں بلا معاوضہ دستیاب ہونگی
- ہر بس کے سامنے سیکٹر اور بلڈنگ نمبر درج ہوتا ہیں جس کو ذہن نشین کرلیا جائے عزیزیہ سے آنے والی بسیں حرم کے قریب دو کلومیٹر کے فاصلے پر (مسقوطہ) اتارے گی اور وہاں سے سعودی حکومت کی ٹرانسپورٹ سروس "ساپٹکو" (SAPTCO) آپکو حرم تک پہنچائے گی

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ سے حرم تک ٹرانسپورٹ کا نظام-2

- بطحہ قریش رہائش پذیر حجاج کرام کو بس حرم کے قریب کدائی بس سٹاپ پر اتارے گی
- علاوہ ازیں 5 ذوالحجہ سے 14 ذوالحجہ تک حکومت پاکستان کی مہیا کردہ ٹرانسپورٹ سعودی عرب کی حکومت بند کر دیتی ہے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ میں لفٹ کا استعمال




MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# بلڈنگ میں لفٹ کا استعمال-1




- رہائشی عمارتیں کثیر منزلہ ہوتی ہیں جس میں اپنے کمرے تک رسائی لفٹ کے ذریعے ہوتی ہے
- نماز کے اوقات میں لفٹ پر بھیڑ بڑھ جاتی ہے لہذا تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے خواتین اور بزرگوں کا احترام کریں اور انہیں پہلے سوار ہونے کا موقع دیں
- زیادہ بہتر ہے کہ نماز سے کچھ دیر پہلے تیار ہو کر اپنے کمروں سے نکلیں تا کہ بھیڑ سے بچ سکیں

# بلڈنگ میں لفٹ کا استعمال۔2



- لفٹ میں سوار ہوتے وقت پہلے لفٹ سے اترنے والے حجاج کو اس سے باہر آنے کا موقع دیں اور پھر لفٹ پر سوار ہوں
- جہاں تک ممکن ہو سیڑھیوں کا استعمال کریں




# ادائیگی عمرہ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام باندھنے سے قبل وبعد کے ضروری امور۔1

- ناخن تراشنا اور غیر ضروری بال صاف کرنا
- غسل یا وضو
- خوشبو لگانا
- احرام (مرد حضرات کے لئے دو سفید چادریں) باندھنا
- نوافل




MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام باندھنے سے قبل وبعد کے ضروری امور 2



- نیت (ارادہ/نیت، آسان، قبول)
- تلبیہ پڑھنا
- دعا کرنا

# عورت کا احرام۔ 1






- عورتوں کے احرام کے لئے کوئی خاص لباس نہیں، بس غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر عام لباس پہن لیں
- جہاں تک ممکن ہو پردہ ضروری ہے۔ سر پر کوئی چھجا سا لگایا جائے اور اس کے اوپر سے کپڑا (نقاب) اس طرح ڈالا جائے کہ پردہ ہو جائے مگر کپڑا چہرہ کو نہ لگے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عورت کا احرام-2





- حج کے طویل اور پر ہجوم سفر میں عورت کے لیے پردہ کی پابندی بڑی مشکل ہے لیکن جہاں تک ممکن ہو پردہ کا اہتمام کیا جائے
- کسی بھی قسم کا جوتا پہن سکتی ہیں۔ تاہم اونچی ایڑھی والا جوتا نہ ہو بلکہ پیدل چلنے میں آرام دہ ہونا چاہیے۔

# احرام کی پابندیاں (ممنوعات)۔1



- مرد کا ٹوپی یا کپڑے سے سر یا چہرہ ڈھانپنا
- وگ وغیرہ پہننا نیکر انڈر ویئر پہننا
- ناخن یا بال کاٹنا۔ بنیان پہننا
- دستانے اور موزے پہننا
- مہندی، کلر اور خوشبو لگانا

# احرام کی پابندیاں-2



- مرد کے لئے سلا ہوا کپڑا پہننا اور ایسی چپل پہننا جس سے پاؤں کی ابھری ہوئی ہڈی چھپ جائے
- خشکی کے جانور کا شکار یا شکار میں معاونت کرنا
- میاں بیوی کی مخصوص باتیں وغیرہ کرنا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# احرام کی پابندیاں-3



- حرم کی حدود میں ہرے بھرے پودے اکھاڑنا
- جھگڑا اور فحش گوئی کرنا
- حدود حرم میں گری ہوئی کوئی بھی چیز اٹھانا

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل۔1

- گروپ کی صورت میں اپنی رہائش گاہ سے عمرہ کے لئے بذریعہ شٹل سروس حرم روانہ ہوں
- حرم میں داخلے سے پہلے متعلقہ ناظم کی ہدایات پر ایک متفقہ میٹنگ پوائنٹ طے کرلیں۔
- حرم میں داخل ہو کر مطاف کی طرف جائیں۔
- مطاف میں داخل ہونے کے بعد حجرِ اسود یا اس کی سیدھ میں لگی ہوئی سبز لائٹ سے اپنا طواف شروع کریں۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عمرہ کے مراحل-2

- طواف کے ہر چکر میں رکنِ یمانی سے لے کے حجر اسود تک کی مسنون دعا پڑھیں۔ علاوہ ازیں طواف کے دوران مختلف دعاؤں کا ورد رکھیں۔
- طواف کے دوران مرد حضرات اپنا دایاں کندھا ننگا رکھیں اس کو اضطباع کہتے ہیں۔
- اضطباع صرف مردوں کے لئے ہے جو طواف کے ساتوں چکر میں رہے گا۔
- طواف کے پہلے تین چکر کے دوران مرد حضرات رمل کریں۔

# عمرہ کے مراحل۔3

- ہر چکر پورا ہونے پر حجرہ اسود کی سیدھ میں پہنچنے پر اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر حجرِ اسود کی طرف کرتے ہوئے استلام کریں
- طواف کے سات چکر پورے ہونے کے بعد دو نفل ادا کریں اور آبِ زَم زَم پیئیں
- اس کے بعد سعی کی نیت سے صفاء و مروہ جائیں
- سعی کا آغاز صفاء سے کرتے ہوئے سات چکر مروہ پر پورے کریں
- سعی کے دوران سبز لائٹوں کے نیچے مرد حضرات دوڑتے ہوئے گزریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

لبیک اللھم لبیک
الحج
وزارت مذہبی امور

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN


# عمرہ کے مراحل-4







- سعی مکمل ہونے کے بعد مرد حضرات حلق / قصر کروائیں اور خواتین تقریبا انگلی کے ایک پور یا انچ یا اس سے کچھ زیادہ بال کٹوائیں


ALLAH
AL-ADL
THE JUST
AL-QUDDUS
AL-JABBAR
AL-KHALIQ
THE CREATOR
AL-HAQQ
SHAHID
WITNESS
GENEROUS
AL-GAFUR

# ادائیگی حج

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کے دوران مختلف مقامات پر قیام اور سفر کا ایک نقشہ



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جمرات سے حرم کا پیدل راستہ (تقریباً 4 کلومیٹر)



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عزیزیہ سے منیٰ کا فاصلہ (3 تا 4 کلومیٹر)

لبیک اللھم لبیک
الحج
وزارت مذہبی امور



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کے فرائض

| ❸ | ❷ | ❶ |
|---|---|---|
| طوافِ زیارت | وقوفِ عرفہ | احرام / نیت / تلبیہ |

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حج کے واجبات

1. وقوفِ مزدلفہ
2. رمی جمرات (شیطانوں کو کنکریاں مارنا)
3. قربانی کرنا
4. حلق / قصر (بال منڈوانا / کٹوانا)
5. سعی (طواف زیارت کے بعد)
6. طواف وداع

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ روانگی۔1






قیام گاہ

8 ذی الحجہ

منیٰ

# منیٰ روانگی۔2

- سفر حج کا آغاز 8 ذی الحجہ کو زوال سے قبل منیٰ پہنچنے سے ہوتا ہے
- منیٰ مکہ مکرمہ سے تقریباً 3-4 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے
- پاکستانی حجاج بسوں کے ذریعے اپنی رہائش گاہوں سے منیٰ کے لئے روانہ ہوتے ہیں
- عمومی طور پر پاکستانی حجاج کی منیٰ کے لئے نقل و حرکت 7 ذی الحجہ کی رات سے ہی شروع ہو جاتی ہے۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عرفات روانگی۔1



منیٰ

9ذی الحجہ



عرفات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# عرفات روانگی۔2

- 9ذوالحجہ کو بعد ادائیگی نماز فجر عرفات کے لیے روانہ ہونا
- زیادہ تر پاکستانی حجاج ٹرین کے ذریعے جبکہ بقایا بسوں کے ذریعہ منیٰ سے عرفات جاتے ہیں
- وقوف عرفہ حج کا رکن اعظم ہے جس کا وقت زوال سے غروبِ آفتاب تک رہتا ہے

# مزدلفہ روانگی۔1

## 9ذی الحجہ رات



عرفات



مزدلفہ

# مزدلفہ روانگی-2

- غروبِ آفتاب کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھے بغیر عرفات سے مزدلفہ کے لیے روانہ ہونا
- پاکستانی حجاج عرفات سے مزدلفہ بھی بذریعہ ٹرین یا بس جاتے ہیں
- مزدلفہ میں کھلے آسمان تلے ہر حاجی کو رات گزارنی ہوتی ہے۔
- مزدلفہ پہنچنے کے بعد نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء اکٹھی ادا کریں
- رمی کے لئے (70) کنکریاں اکٹھی کریں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# جمرات روانگی۔1



10 ذی الحجہ



مزدلفہ

جمرات

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# 10 ذی الحجہ کی رمی

- 10 ذی الحجہ (رمی کا پہلا دن) کو منیٰ پہنچ کر صرف جمرۂ عقبہ ( بڑا شیطان) کو سات کنکریاں ماریں

- رمی کے بعد قربانی کرنا واجب ہے۔ اس قربانی کے لیے تین دن، یعنی 10، 11 اور 12 ذوالحجہ مقرر ہیں ان دنوں میں جب چاہیں قربانی کر لیجیے

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# حلق یا قصر

- قربانی کرنے کے بعد مرد حلق یا قصر کروائیں
- خواتین تقریباً انگلی کے ایک پور یا انچ یا اس سے کچھ زیادہ بال کٹوائیں
- حلق کروانے کے بعد عازمین حج احرام کھول سکتے ہیں اور غسل کر کے عام کپڑے (شلوار قمیض) پہن ا





MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# طوافِ زیارة

طوافِ زیارہ کا وقت 10 ذی الحجہ کو رمی سے فارغ ہونے سے لیکر 12 ذوالحجہ کے غروبِ آفتاب تک رہتا ہے



منیٰ



جمرات

10 -12 ذی الحجہ



مکہ مکرمہ

# سعی

- طوافِ زیارت اور دو رکعت نمازِ طواف سے فارغ ہو کر صفا و مروہ کی سعی کریں صفا مروہ کی سعی کرنا واجب ہے



MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# منیٰ سے واپسی

- 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے منیٰ چھوڑ دیں
- 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے منیٰ نہ چھوڑنے کی صورت میں رات منیٰ ہی میں قیام کرنا ضروری ہو گا
- 13 ذی الحجہ کو ایک بار پھر تینوں جمرات کی رمی کر کے رہائش گاہ واپس آئیں

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# اللہ تعالیٰ آپ کو حج مبرور عطاء فرمائے۔۔ آمین



رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا اِنَّکَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمِ وَتُبۡ عَلَيۡنَا اِنَّکَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمِ

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# وزارت مذہبی امور کے حج افسران

(گروپ/فلائٹ/تصحیح کے مسائل کے حوالے سے روانگی کے مقام کے متعلقہ افسران کے رابطہ نمبر)

| روانگی کا شہر/ایئرپورٹ | انچارج | رابطہ نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|
| کراچی، کوئٹہ | زاہد حسین | 051-9205827 | adhcc1@mora.gov.pk |
| لاہور | حافظ ماجد علی | 051-9203910 | adhcc2@mora.gov.pk |
| اسلام آباد | بہادر حسین | 051-9201564 | adhcc3@mora.gov.pk |
| ملتان | غلام حسین | 051-9207134 | adhcc4@mora.gov.pk |

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# سوال وجواب

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

# شکریہ